نسلی مساوات کی ترویج کے لیے موجودہ
اور تجویز کردہ اقدامات

کسٹمز اینڈ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ

دی کسٹمز اینڈ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ (سی اینڈ ای ڈی) قانون نافذ کرنے والا ایک ادارہ ہے جو پُر عزم ہے کہ ہانگ کانگ سپیشل ایڈمنسٹریٹو ریجن کو سمگلنگ کے خلاف محفوظ رکھ سکے، قابل ڈیوٹی اشیاء پر آمدنی کو محفوظ اور جمع کر سکے، منشیات کی ترسیل اور منشیات نوشی کی شناخت اورتدارک کر سکے، حقوق ملکیت دانش کی حفاظت کر سکے، صارف کے مفادات کی نگہبانی کرے، قانونی تجارت کو تحفظ اور سہولت فراہم کرے اور بین الاقوامی ذمہ داریوں کو مکمل طور پر نبھائے۔ ہم ہمیشہ پیشہ وارانہ انداز میں اور راست بازی کے ساتھ خدمات پیش کرتے ہیں اور اس حوالے سے نسل اور لسانی بنیاد سے صرفِ نظر کیا جاتا ہے۔

اے۔ عامۃ الناس کے افراد سے معاملہ بندی

موجودہ اقدامات

- خدمات چینی اور/یا انگریزی میں فراہم کی جاتی ہیں۔ عامۃ الناس کے اندر تقسیم کے لیے تمام معلوماتی کتابچے اور پمفلٹس چینی اور انگریزی دونوں زبانوں میں شائع کیے جاتے ہیں۔

- جہاں ضروری ہو سی اینڈ ای ڈی حراست شدہ اور نظربند افراد کو ترجمانی سروسز فراہم کرتی ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ وہ متعلقہ قوانین اور اپنے حقوق سے آگاہ ہو سکیں۔

- ایک سرگرم عمل ٹیم تشکیل دی گئی ہے سی اینڈ ای ڈی کی تفویضی ترقیاتی کاوشوں کو غیر چینی (این ای سی) کمیونٹی تک بڑھایا جا سکے اور متعلقہ سکولوں اور اداروں تک رسائی کے ذریعے این ای سی نوجوانوں کے ساتھ ایک نیٹ ورک تشکیل دیا جا سکے۔

- سی اینڈ ای ڈی نوجوانوں کے لیے نئے متعارف کردہ پروگرام "Customs Yes" کے ذریعے مختلف نسل سے تعلق رکھنے والوں نوجوانوں کو شریکِ عمل کرتا ہے تاکہ تعلیم پر مبنی متنوع سرگرمیوں کی بدولت نوجوانوں کے مثبت اقدار، قانون پر عمل درآمد سے آگاہی اور اس کے ساتھ ساتھ معاشرے اور ملک کے ساتھ اُن کی اپنائیت کے احساس کو فروغ دیا جائے۔

• موثر سروس کی فراہمی کے مسلسل جائزے کے لیے "بلحاظ زبان ترجمانی اور ترجمہ کی خدمات کی تعداد" اور "ترجمانی/ترجمہ کی ضروریات رکھنے والے استعمال کنندگان کی شکایات" سے متعلق شماریات جمع کیے جا رہے ہیں۔	مستقبل کے کام کا جائزہ
• جہاں ضروری اور ممکن العمل ہو، افراد کو سروسز کی فراہمی کے دوران ترجمانی کی خدمات کا انتظام کیا جاتا ہے۔	اضافی اقدامات جو لیے گئے / جو لیے جانے ہیں

بی۔ تربیت عملہ

• سی اینڈ ای ڈی کے تمام نئے بھرتی شدہ افراد کی ابتدائی تربیتی پروگراموں میں نسلی مساوات کے حوالے سے تربیت کرنا ہو گی تاکہ نسلی مساوات کے معاملات کے حوالے سے عملہ کی آگاہی اور حساسیت میں بہتری لائی جا سکے۔ • نسلی مساوات کے حوالے سے ان-ہاؤس کورسز ترتیب دیے جاتے ہیں تاکہ کثیر ثقافتی اور کام کے قابل عزت ماحول کو اپنایا جا سکے۔	موجودہ اقدامات
• سی اینڈ ای ڈی تربیتی پالیسی کا باقاعدگی سے تخمینہ لگاتی ہے اور اس کا جائزہ لیتی ہے۔ افسروں، دیگر شعبوں اور این جی اوزکی رائے اور تبصروں کو جمع کیا جاتا ہے تاکہ عملہ کے لیے موزوں تربیتی کورسز کا انعقاد کر کے نسلی مساوات کے حوالے سے تربیتی پروگراموں کے مواد کو نکھارا جا سکے اور نسلی مساوات کے حوالے سے ان کے شعور میں اضافہ کیا جا سکے۔	مستقبل کے کام کا جائزہ
• عملہ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ سول سروس بیورو کے سول سروس کالج، کے کمیشن برائے مساوی مواقع کے اشتراک کے ساتھ نسلی حساسیت اور ثقافتی تنوع کے حوالے سے منعقدہ کورسز میں شرکت کریں۔	اضافی اقدامات جو لیے گئے / جو لیے جانے ہیں

نسلی مساوات کے حوالے سے موجودہ اور تجویز کردہ اقدامات سے متعلق استفسارات کے لیے،

براہ مہربانی مس آگسٹا چنگ، ڈپٹی سیکرٹری (منیجمنٹ سپورٹ)، سے درج ذیل چینلز کے ذریعے رابطہ قائم کریں-

ٹیلیفون نمبر	:	3759 2155
فیکس نمبر	:	3108 2311
ای میل	:	augusta_wt_chung@customs.gov.hk
ڈاک کا پتہ	:	Customs Headquarters Building, 222 Java Road, North Point, Hong Kong

کسٹمز اینڈ ایکسائز ڈیپارٹمنٹ
مئی 2023